# پریشانی کے وقت پڑھی جانے والی ایک دعا

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

اَللّٰهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ، وَابْنُ عَبْدِكَ، وَابْنُ أَمَتِكَ، نَاصِيَتِي بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ، أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَكَ، سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ، أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ، أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِي عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيعَ قَلْبِي، وَنُوْرَ بَصَرِي، وَجِلَاءَ حُزْنِي، وَذَهَابَ هَمِّي

**ترجمہ :**

اے اللہ ! بے شک میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندے کا اور تیری بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے دست قدرت میں ہے (یعنی میں تیرے ملک و تصرف میں ہوں) مجھ میں تیرا حکم ہی جاری ہے، میرے بارے میں تیرا فیصلہ انصاف (پر مبنی) ہے، میں تجھ سے تیرے ہر اُس نام (کی برکت) سے، جو نام تو نے اپنی ذات کے لیے رکھا یا اپنی کتاب میں اتارا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا یا اپنے پاس علم غیب میں پوشیدہ رکھا (ان ناموں کے وسیلہ سے) سوال کرتا ہوں کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار اور میری بصارت کا نور اور میرے رنج و غم کو لے جانے والا بنا دے۔

المعجم الکبیر کی حدیث مبارک میں ہے : "قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما أصاب مسلما قط هم أو حزن فقال: **اَللّٰهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ، وَابْنُ عَبْدِكَ، وَابْنُ أَمَتِكَ، نَاصِيَتِي بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ، أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ، سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ، أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ، أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِي عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيعَ قَلْبِي، وَنُوْرَ بَصَرِي، وَجِلَاءَ حُزْنِي، وَذَهَابَ هَمِّي**، إلا أذهب الله همه، وأبدله مكان حزنه فرحا، قالوا: يا رسول الله، أفلا نتعلم هذه الكلمات؟ قال: بلى ينبغي لمن سمعهن أن يتعلمهن" ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جس مسلمان کو رنج و غم پہنچے، تو وہ یوں دعا کرے (دعا اوپر نقل کر دی گئی ہے، جو یہ کلمات کہے گا) اللہ اس

کا رنج دور کر دیتا ہے اور اس کے غم کو خوشی سے بدل دیتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا ہم یہ کلمات دوسروں کو نہ سکھا دیں؟ تو آپ نے فرمایا! کیوں نہیں، مناسب یہی ہے کہ جو ان کلمات کو سنے وہ دوسروں کو سکھا دے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، جلد10، صفحہ169، رقم الحدیث: 10351، مطبوعہ قاھرۃ)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net